نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

یکم دسمبر 2010ء

برائے فوری اجراء

662/2010

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکہ کی جانب سے خیبر پختونخوا کے سیلاب زدہ علاقوں کی بحالی میں معاونت کیلئے پُلوں کی فراہمی

اسلام آباد (یکم دسمبر 2010ء)___ حکومتِ امریکہ صوبہ خیبر پختونخوا کے عوام کو سیلاب سے تباہ ہونے والے پُلوں کی جگہ نئے پُل تعمیر کرنے کیلئے تیار شدہ سامان فراہم کر رہی ہے۔ تعمیر کے بعد یہ ہلکے اور بآسانی ایک سے دوسری جگہ منتقل ہو سکنے والے پُل بھاری ٹریفک کے استعمال اور خیبر پختونخوا کے عوام کو اپنی آبادیوں اور روزگار کی بحالی میں بہت مدد دیں گے۔

بدھ کے روز امریکی سفارتخانہ میں منعقد ہونے والی ایک تقریب کے دوران پاکستان میں امریکہ کے سفیر کیمرون منٹر نے امریکی دفاعی نمائندہ کے دفتر برائے پاکستان کے نائب کمانڈر بریگیڈیئر جنرل مائیکل نگاٹا کے ہمراہ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے چیئرمین جنرل ریٹائرڈ ندیم احمد کو ایک تختی پیش کی جس میں دونوں ملکوں کے عوام کے درمیان دوستی کو اُجاگر کیا گیا تھا۔ ہر پُل پر اسی طرح کی تختیاں نصب کی جائیں گی۔

حکومتِ امریکہ اس سے قبل سیلاب کے ابتدائی دنوں میں این ڈی ایم اے کو بارہ تیار شدہ پُل فراہم کر چکی ہے۔

سفیر منٹر نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ "پاکستان امریکہ کا ایک اہم اسٹریٹجک ساتھی ہے۔ ہم مشترکہ اقدار و مفادات اور مشترکہ انسانیت کے ذریعے ایک دوسرے سے منسلک ہیں۔ ہم پاکستان کو محض اس لئے اعانت فراہم نہیں کرتے کہ ہم اپنے تعلقات کی قدر کرتے ہیں، بلکہ یہ کرنے والا درُست کام ہے"۔

جنرل ندیم نے اس حقیقت پر زور دیا کہ امریکہ پہلا مُلک تھا جو معقول فنڈز کے ساتھ پاکستان کی مدد کو آیا، اور ایسا پہلی بار نہیں ہوا۔ اُنھوں نے کہا کہ "اس اعانت کا یہاں کے لوگوں کی زندگیوں پر زبردست اثر پڑا۔"

حکومتِ امریکہ سیلاب زدہ علاقوں میں غذائی امداد اور بحالی کی کوششوں کیلئے نصف بلین ڈالر (42.5 بلین روپے) سے زیادہ فراہم کر رہی ہے۔ علاوہ ازیں امریکی طیارے اب تک 40,000 افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کے ساتھ ساتھ 26 ملین پاؤنڈ وزنی (تقریباً 12 ملین کلوگرام) امدادی اشیاء متاثرین تک پہنچا چکے ہیں۔

###

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800